SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈ یننس نمبر XIII مجریہ1979
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1979
سندھ جوا روک تھام (ترمیم)آرڈیننس، 1979
THE SINDH PREVENTION OF GAMBLING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1979
(CONTENTS)فہرست

(Preamble) تمہید

دفعات

۱۔ مختصرعنوان اور شروعا ت

(Short title and commencement)

2.سندھ آرڈیننس Vمجریہ1978 میں دفعہ A - 5 کا اضافہ

Insertion of Section 5-A in Sindh Ordinance V Of 19780 of Act

سندھ آرڈ یننس نمبر XIII مجریہ1979
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1979
سندھ جوا روک تھام (ترمیم)آرڈیننس،

1979
THE SINDH PREVENTION OF GAMBLING (AMENDMENT) ORDINANCE, 1979

[20 آگسٹ 197 9]

(Preamble)تمہید

ا یک آرڈیننس ،جس سے سندھ جوا روک تھام آرڈیننس،1978 میں ترمیم کی جائے گی۔

اس آرڈیننس کے ذریعے سندھ جوا روک تھام آرڈیننس، 1978 میں ترمیم کرنا مقصود ہے۔

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جاے گا۔

لھذا اس لیے 5 جولائ 1977 کے حکم براے قوانین (کے نفاذ میں تسلسل)کے حکم 1977 کی تعمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کرنافذکرنا فرماتا ہے.

مختصرعنوان اور شروعا ت (Short title and commencement)

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ جوا روک تھام (ترمیم) آرڈیننس، 1979 کہا جاے گا.

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا.

سندھ آرڈیننس V مجریہ1978 کی دفعہ A - 5 کا اضافہ

Insertion Of Section 5-A In Sindh Ordinance V Of 19780 of Act

2. سندھ آرڈیننس 1978 جوا کی روک تھام میں دفعہ 5 کے بعد مندرجہ ذیل دفعہ
کو شامل کیا جاے گا.

"5-A ایک پولیس آفیسر جس کا رینک انسپکٹر سے کم نہ ہوگا، اس کا اختیار ہوگا:

(a) دفعہ 5 کے تحت جرم کرنے والے کوبنا وارنٹ کے تحت گرفتار کرنا .

(b) دفعہ 5 کے تحت کسی مجرم کی تلاشی لینا .اور اس جرم میں استعما ل ہونے والی چیزوں کو تحویل میں لینا.

(c) جوا کھیلنے میں کام آنے والی رقم ،ضمانتیں،کھیل میں استعمال ہونے والی اشیا ، جن کے لیے سمجھا جاے گا کہ وہ دفعہ 5 کے تحت ہونے والے جرم میں کام آسکتی ہیں، ان کو ضبط کرنا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔